تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

06-ستمبر،2019ء

پریس ریلیز

پاک بھارت جنگ ظاہراً ناگزیر ہو چکی ہے۔

لاہور(پ ر) یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔اُنھوں نے کہا کہ بھارت کی بڑھتی ہوئی ہٹ دھرمی، جنگی جنون اور اس کے ردِعمل میں پاکستان کا مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اپنے اُصولی مؤقف پر ڈٹ جانا اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ علاقے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے اور جنگ کی چنگاری نہ صرف یہ کہ کسی بھی وقت اس خطے کو جلا کر خاکستر کر سکتی ہے بلکہ عالمی امن کو بھی تباہ کر سکتی ہے۔اُنھوں نے کہا کہ افواج پاکستان کے ترجمان کی پریس کانفرنس بھی اسی بات کو ظاہر کرتی ہے کہ پاکستان بیرونی قوتوں کے دباؤ میں نہیں ہے۔حال ہی میں متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ کا دورہ پاکستان بھی بار آور ہوتا نظر نہیں آتا۔اُنھوں نے کہا کہ ایسی صورتِ حال میں ضرورت اِس امر کی ہے کہ پاکستان اپنی جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کے لیے فوری اور ہنگامی طور پر موثر اقدامات کرے۔حقیقت یہ ہے کہ عسکری سطح پر تو کسی حد تک تیاری نظر آتی ہے البتہ نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کا معاملہ اب تک دِگرگوں ہے اور اس طرف کوئی پیش رفت نظر نہیں آتی۔ ہماری رائے میں پاکستان کی بقاء اور سلامتی کے لیے اصلاً اس محاذ پر بھرپور کام کرنے کی ضرورت ہے۔مسلمانانِ پاکستان ہی نہیں، پاکستان کے حکمران بھی اپنا قبلہ درست کریں جس کا عملی تقاضا یہ ہوگا کہ ہم سب انفرادی طور پر ہی نہیں، معاشرہ اور ریاست کی سطح پر بھی باعمل مسلمان اور اللہ کے دین کے سچے وفادار بن جائیں گے۔یوں نظریہٴ پاکستان کو عملی تعبیر بھی دی جا سکے گی۔اس کے نتیجے میں رب کائنات کی تائید اور نصرت ہمیں یقینی طور پر حاصل ہوگی۔حقیقت یہ ہے کہ جب تک ہم اللہ کی رسی کو مضبوطی سے نہیں تھامیں گے ہماری بقاء اور سلامتی کو خطرات درپیش رہیں گے۔یہ کام نہ صرف فوری طور پر بلکہ مستقبل بنیادوں پر بھی کرنے کی ضرورت ہے۔اللہ کی مدد اگر ہمیں حاصل ہوگی تو ہم یقیناً غالب رہیں گے۔لہٰذا ہم مسلمانانِ پاکستان اور حکمرانوں پر زور دیتے ہیں کہ وہ بلا تاخیر اللہ اور رسول ﷺ کے عطا کردہ نظام عدل اجتماعی کو قائم و نافذ کریں تا کہ ہم دنیا اور آخرت دونوں میں سرخرو ہو سکیں۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: 06 Sep 2019

War between Pakistan and India has apparently become inevitable.

(Hafiz Aakif Saeed)

Lahore (PR): "War between Pakistan and India has apparently become inevitable."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement.The Ameer said that the ever increasing arrogant stubbornness and sabre rattling by India and, in response, the firm and steadfast position maintained by Pakistan in its principled stance on the Kashmir issue clearly show that the tensions are mounting in the region and the sparks of war can not only burn the entire region to ashes at any time but destroy the peace of the entire world. He added that the Press Conference of the DG ISPR also alludes to the same premise that Pakistan has refused to give in to the external pressure by world powers. The recent visit by the Foreign Ministers of Saudi Arabia and UAE to Pakistan also appears to have been unproductive in this context. The Ameer remarked that under these circumstances it has become imperative for Pakistan to immediatetake effective measures to safeguard the security of its geographical and ideological boundaries.

The fact of the matter is, the Ameer noted, that while a certain and substantial degree of readiness is visible on the military front, yet the matter of safeguarding the ideological boundaries is still in the doldrums and no progress has been made towards that end. In our opinion, he remarked, substantial work as a foremost priority ought to be done on that front in order to safeguard the integrity, stability and security of Pakistan. The ruling elite of Pakistan, and not just the ordinary Muslim masses, must correct their direction towards the right path, the practical requisite of which would be to become determined practicing Muslims and loyal to the Deen of Allah *(SWT)* not just on the individual but also on the societal and the state levels. In this way, the ideology of Pakistan would also be implemented genuinely in practice. As a consequence the succor and help of the Lord of the Worlds *(SWT)* would definitely be with us *(Insha Allah)*. The Ameer remarked that the fact is that until we hold tightly unto the Rope of Allah *(SWT)*, our integrity, stability and security would always remain in danger. This task ought to be performed not just on an urgent basis but also with persistence in the long term, permanently. When the succor and help of Allah *(SWT)* will be bestowed on us then we would certainly prevail over our rivals. Therefore, the Ameer concluded by asserting, we impress upon the Muslims of Pakistan, including our rulers, to establish the System of Collective Justice bestowed upon us by Allah *(SWT)* and His Messenger *(SAAW)* without any further delay, so that we could be successful in this world and in the Hereafter.

Issued by
Ayub Baig Mirza
MarkaziNazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan